© rasailojaraid.com

# مسافرانِ آخرت

☆ معروف مذہبی سکالر پروفیسر خواجہ ابوالکلام صدیقی (ملتان) کی والدہ مرحومہ ۲۴ رجنوری بروز جمعرات انتقال کر گئیں۔

☆ معروف عالم دین مولانا قاضی عبدالکریم صاحب (کلاچی) ڈیرہ اسماعیل خان کی اہلیہ ۱۳ رشوال ۸۷ برس کی عمر انتقال کر گئیں۔

☆ مجلس احرار اسلام ملتان کے بزرگ کارکن اور جناب محمد زبیر صاحب کے چچا حکیم حافظ محمد اکرم صاحب ۲۲ رجنوری بروز منگل انتقال فرما گئے۔

☆ قاری محمد امین صاحب مرحوم، (ملتان) کے فرزند اور قاری عبداللطیف (مدینہ منورہ) کے بھانجے قاری محمد طیب گزشتہ ماہ انتقال کر گئے۔

☆ ہمارے کرم فرما چودھری محمد اقبال (ملتان) کی اہلیہ گزشتہ ماہ انتقال کر گئیں۔

☆ مجلس احرار اسلام میلسی کے کارکن محمد شکیل مجاہد کی دادی صاحبہ ۲۱ رجنوری، بروز سوموار انتقال کر گئیں۔

☆ ملتان میں ہمارے دیرینہ کرم فرما شیخ محمد شریف صاحب مرحوم کی بیوہ، محمد سجاد اور محمد عامر کی والدہ ماجدہ اور محمد یوسف باوا کی چچی صاحبہ ۲۵ رجنوری کو انتقال کر گئیں۔

☆ ہمارے مہربان محمد احسن خان کے والد ماجد محترم خدا بخش خان گزشتہ ماہ ملتان میں رحلت فرما گئے۔ مرحوم کی نماز جنازہ حضرت پیر جی سید عطاء المہیمن بخاری نے دارِ بنی ہاشم میں پڑھائی۔

☆ مجلس احرار اسلام اوکاڑہ کے نائب امیر جناب خالد علی کی والدہ ماجدہ ۴ رجنوری کو انتقال فرما گئیں۔

☆ چیچہ وطنی میں ہمارے معاون شاہد نذیر، زاہد نذیر کے والد گرامی اور جناب محمد عباس نجمی اور محمد عاطف کے تایا چودھری نذیر احمد ونیس ۵ رجنوری کو انتقال فرما گئے۔

☆ ساہیوال میں جناب عبدالمتین چودھری ایڈووکیٹ کے والد گرامی ۷ رجنوری کو انتقال فرما گئے۔

☆ ساہیوال میں عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے جناب محمد اسلم بھٹی کی والدہ ماجدہ ۸ رجنوری کو انتقال فرما گئیں۔

☆ جامع مسجد نور، مدرسہ معمورہ کوٹلہ تولے خان، ملتان کے مدرس حافظ رحیم بخش صاحب کے خالدزاد بھائی دین محمد مرحوم یکم جنوری ۲۰۰۲ء اور چچا مولانا محمد اسحاق مرحوم (خطیب جامع مسجد فاطمۃ الزہرا ملتان کینٹ) ۱۰ جنوری کو انتقال کر گئے۔

اراکین ادارہ تمام مرحومین کی مغفرت کیلئے دعا کرتے ہیں اور پسماندگان سے اظہارِ تعزیت کرتے ہوئے ان کیلئے صبر کی دعا کرتے ہیں۔ قارئین سے درخواست ہے کہ ایصالِ ثواب اور دعاءِ مغفرت کا اہتمام فرمائیں (ادارہ)

© rasailojaraid.com